8. They seek to put out the light of Allah with their mouths, and Allah will perfect His light, however much the disbelievers may dislike.	يُرِيْدُوْنَ لِيُطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَاللّٰهُ مُتِمُّ نُوْرِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ۝٨
9. He it is who has sent His Messenger with guidance and the religion of truth that He may manifest it over all religions, however much the idolaters may dislike.	هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ۝٩
10. O you who believe, shall I tell you of a bargain that will save you from a painful punishment.	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى تِجَارَةٍ تُنْجِيْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝١٠
11. You should believe in Allah and His Messenger, and should strive in the cause of Allah with your wealth and your lives. That is better for you if you only knew.	تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ ۭ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝١١
12. He will forgive for you your sins and admit you into gardens underneath which rivers flow, and excellent abodes in Gardens of Eternity. That is the great success.	يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَيُدْخِلْكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ۭ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝١٢

یہ چاہتے ہیں کہ بجھا دیں اللہ کا نور
اپنے منہ کی پھونکوں سے۔ اور (یہ فیصلہ ہے) اللہ کا
کہ وہ پورا پھیلا کر رہے گا اپنے نور کو خواہ
کتنا ہی ناگوار ہو کافروں کو ۝٨
وہی تو ہے جس نے بھیجا ہے اپنا رسول ہدایت
اور دینِ حق کے ساتھ تاکہ اسے غالب کر دے،
سب ادیان پر خواہ کتنا ہی ناگوار ہو مشرکین کو ۝٩
اے لوگو جو ایمان لائے ہو کیا میں بتاؤں تم کو وہ تجارت جو
بچا دے تم کو دردناک عذاب سے؟ ۝١٠
ایمان لاؤ تم اللہ پر اور اس کے رسول پر اور جہاد کرو
اللہ کی راہ میں اپنے مالوں اور جانوں سے
یہ بہتر ہے تمہارے لیے، اگر تم جانو ۝١١
معاف فرما دے گا اللہ تمہارے گناہ اور داخل کرے گا تمہیں
ایسی جنتوں میں کہ بہہ رہی ہیں ان کے نیچے نہریں
اور (عطا فرمائے گا) بہترین گھر، سدا بہار جنتوں میں
یہی ہے بہت بڑی کامیابی ۝١٢

13. And another (favor) that you love, help from Allah and victory near at hand. And give good news to the believers.	وَاُخْرٰى تُحِبُّوْنَهَا ؕ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ ؕ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳﴾
14. O you who believe, be helpers of Allah, as Jesus, son of Mary, said to the disciples: "Who will be my helpers towards Allah." The disciples said: "We are helpers of Allah." Then, a faction of the children of Israel believed and a faction disbelieved. So We supported those who believed against their enemy, and they became dominant.	يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْۤا اَنْصَارَ اللّٰهِ كَمَا قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ لِلْحَوَارِيّٖنَ مَنْ اَنْصَارِيْۤ اِلَى اللّٰهِ ؕ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ فَاٰمَنَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْۢ بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ وَكَفَرَتْ طَّآئِفَةٌ ۚ فَاَيَّدْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلٰى عَدُوِّهِمْ فَاَصْبَحُوْا ظٰهِرِيْنَ ﴿۱۴﴾

اور وہ دوسری چیز (بھی تمہیں دے گا) جسے تم چاہتے ہو نصرت
اللہ کی طرف سے اور عنقریب حاصل ہونے والی فتح
اور اے نبیؐ! بشارت دے دو اہلِ ایمان کو ﴿۱۳﴾
اے لوگو جو ایمان لائے ہو بنو اللہ کے مددگار
جیسا کہ کہا تھا عیسیٰؑ بن مریم نے حواریوں سے
کون ہے میرا مددگار اللہ کی طرف (بلانے میں)۔ کہا تھا حواریوں نے
ہم ہیں اللہ کے مددگار پھر ایمان لے آیا ایک گروہ
بنی اسرائیل میں سے اور انکار کر دیا (دوسرے) گروہ نے
سو مدد کی ہم نے ایمان والوں کی
ان کے دشمنوں کے مقابلے میں۔ سو ہو کر رہے وہی غالب ﴿۱۴﴾



AlJumaa


In the name of Allah, Most Gracious, Most Merciful

1. Glorifies Allah whatever is in the heavens and whatever is on the earth, the Sovereign, the Holy, the All Mighty, the All Wise.	يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ①	تسبیح کررہی ہے اللہ کی ہر وہ چیز جو آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے (اللہ جو) بادشاہ ہے نہایت مقدس، زبردست اور بڑی حکمت والا ①
2. He it is who has sent among the unlettered ones a Messenger from among themselves, reciting to them His verses, and purifying them, and teaching them the Book and wisdom, whereas before this they were indeed in manifest error.	هُوَ الَّذِيْ بَعَثَ فِي الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۗ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ②	وہی ہے جس نے اٹھایا اُمّیوں میں ایک رسول خود انہی میں سے جو پڑھ کر سناتا ہے ان کو اللہ کی آیات اور ان کا تزکیۂ نفس کرتا ہے اور تعلیم دیتا ہے ان کو کتاب اللہ کی اور سکھاتا ہے ان کو دانائی اگرچہ تھے وہ اس سے پہلے پڑے ہوئے کھلی گمراہی میں ②
3. And others of them who have not yet joined them. And He is All Mighty, All Wise.	وَّاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ③	اور (اس رسول کی بعثت) ان دوسرے لوگوں کے لیے بھی ہے جو انہی میں سے ہیں (اور) ابھی نہیں ملے آکر ان کے ساتھ اور وہ ہے زبردست اور بڑی حکمت والا ③
4. That is the bounty of Allah, He bestows it to whom He wills. And Allah is the Owner of great bounty.	ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ④	یہ اللہ کا فضل ہے جو وہ عطا کرتا ہے جسے چاہے اور اللہ بڑا فضل فرمانے والا ہے ④

5. The example of those who were entrusted with the Torah and then did not take (apply) it is the example of a donkey laden with books. Wretched is the example of people who deny the revelations of Allah. And Allah does not guide wrongdoing people.	مَثَلُ الَّذِيْنَ حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوْهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ اَسْفَارًا ۭ بِئْسَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝۵	مثال ان لوگوں کی جنہیں حامل بنایا گیا تھا تورات کا مگر پورا نہ کیا انہوں نے اس کے اٹھانے کی ذمہ داری کو اس گدھے کی سی ہے جو اٹھائے ہوئے ہو کتابیں بہت بری ہے مثال ان لوگوں کی جنہوں نے جھٹلایا اللہ کی آیات کو اور اللہ نہیں ہدایت دیتا ظالم لوگوں کو ۝۵
6. Say: "O you who are Jews, if you claim that you are favored of Allah, excluding (all other) mankind, then wish for death if you are truthful."	قُلْ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ هَادُوْٓا اِنْ زَعَمْتُمْ اَنَّكُمْ اَوْلِيَاۗءُ لِلّٰهِ مِنْ دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝۶	ان سے کہیے اے لوگو! جو یہودی بن گئے ہو اگر تمہیں گھمنڈ ہے کہ تم اللہ کے چہیتے ہو دوسرے لوگوں کو چھوڑ کر تو تمنا کرو موت کی اگر ہو تم سچے ۝۶
7. And they will not wish for it, ever, because of what their hands have sent before them. And Allah is Aware of wrongdoers.	وَلَا يَتَمَنَّوْنَهٗٓ اَبَدًۢا بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ۝۷	اور ہرگز نہ تمنا کریں گے یہ موت کی کبھی بھی بسبب ان کرتوتوں کے جو یہ کر چکے ہیں اور اللہ خوب جانتا ہے ان ظالموں کو ۝۷
8. Say: "Indeed, the death which you flee from, certainly, will meet you. Then you will be returned to the Knower of the Invisible and the Visible, then He will inform you of what you used to do."	قُلْ اِنَّ الْمَوْتَ الَّذِيْ تَفِرُّوْنَ مِنْهُ فَاِنَّهٗ مُلٰقِيْكُمْ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝۸	ان سے کہیے بلاشبہ وہ موت جس سے بھاگ رہے ہو تم وہ تو ضرور آ کر رہے گی تمہارے پاس پھر پیش کیے جاؤ گے تم اس کے حضور جو جاننے والا ہے پوشیدہ اور ظاہر کا پھر وہ بتائے گا تمہیں کہ تم کیا کرتے رہے ہو؟ ۝۸

9. O you who believe, when the call is made to the prayer on the day of Jumaa, then hasten to the remembrance of Allah and leave off trading. That is better for you if you knew.	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَ ذَرُوا الْبَيْعَ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝٩
10. Then, when the prayer is concluded, then disperse in the land and seek of Allah's bounty, and remember Allah much, that you may achieve success.	فَاِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوْا فِي الْاَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝١٠
11. And when they see a merchandise or an amusement, they rush to it and leave you standing. Say: "That which is with Allah is better than amusement and than merchandise. And Allah is the best of providers."	وَاِذَا رَاَوْا تِجَارَةً اَوْ لَهْوَا ِۨ انْفَضُّوْٓا اِلَيْهَا وَتَرَكُوْكَ قَآئِمًا ؕ قُلْ مَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنَ اللَّهْوِ وَمِنَ التِّجَارَةِ ؕ وَاللّٰهُ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝١١

اے لوگو جو ایمان لائے ہو
جب اذان دی جائے نماز کے لیے
جمعہ کے دن تو دوڑ پڑو اللہ کے ذکر کی طرف
اور چھوڑ دو خرید و فروخت
یہ زیادہ بہتر ہے تمہارے لیے
اگر تم جانو ۝٩
پھر جب پوری ہو جائے نماز
تو پھیل جاؤ زمین میں
اور تلاش کرو اللہ کا فضل
اور یاد کرتے رہو اللہ کو کثرت سے
تاکہ تمہیں فلاح نصیب ہو ۝١٠
اور جب دیکھتے ہیں تجارت
یا کھیل تماشا تو لپک جاتے ہیں
اس کی طرف اور چھوڑ دیتے ہیں تمہیں کھڑا
ان سے کہیئے جو کچھ اللہ کے پاس ہے
وہ کہیں بہتر ہے کھیل تماشے سے
اور تجارت سے اور اللہ
سب سے بہتر رزق دینے والا ہے ۝١١



AlMunafiqun

In the name of Allah, Most Gracious, Most Merciful

1. (O Muhammad), when the hypocrites come to you, they say: "We bear witness that you are indeed Allah's Messenger." And Allah knows that you are indeed His Messenger. And Allah bears witness that surely the Hypocrites are liars.	۞ اِذَا جَآءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ قَالُوْا نَشْهَدُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ ۘ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُهٗ ؕ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَكٰذِبُوْنَ ۝۱	جب آتے ہیں تمہارے پاس (اے نبیؐ) منافق تو کہتے ہیں ہم گواہی دیتے ہیں کہ یقیناً آپ ضرور اللہ کے رسول ہیں۔ ہاں! اللہ جانتا ہے کہ بلاشبہ تم اللہ کے رسول ہو اللہ گواہی دیتا ہے کہ یقیناً یہ منافق قطعاً جھوٹے ہیں ۝۱
2. They have taken their oaths as a shield so they can hinder (others) from the way of Allah. Indeed it is evil that which they do.	اِتَّخَذُوْٓا اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝۲	بنا رکھا ہے انہوں نے اپنی قسموں کو ڈھال اور اس طرح روکتے ہیں یہ اللہ کی راہ سے یقیناً بہت ہی بری ہیں وہ حرکتیں جو یہ کر رہے ہیں ۝۲
3. That is because they believed, then they disbelieved, so a seal has been put on their hearts, so they do not understand.	ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا فَطُبِعَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ۝۳	ان کا یہ طرزِ عمل اس وجہ سے کہ یہ (پہلے) ایمان لائے پھر کفر کیا انہوں نے اس لیے مہر لگا دی اللہ نے ان کے دلوں پر سو یہ (اب) کچھ نہیں سمجھتے ۝۳


4. And when you see them, their figures would marvel you. And if they speak, you listen to their speech. They are like blocks of timber propped up. They deem every shout to be (directed) against them. They are the enemies, so beware of them. May Allah destroy them. How are they being perverted.	وَاِذَا رَاَيْتَهُمْ تُعْجِبُكَ اَجْسَامُهُمْ ؕ وَاِنْ يَّقُوْلُوْا تَسْمَعْ لِقَوْلِهِمْ ؕ كَاَنَّهُمْ خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌ ؕ يَحْسَبُوْنَ كُلَّ صَيْحَةٍ عَلَيْهِمْ ؕ هُمُ الْعَدُوُّ فَاحْذَرْهُمْ ؕ قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ۚ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ۝٤	اور جب دیکھو تم انہیں تو بڑے اچھے لگیں گے تمہیں ان کے جسم ۔ اور اگر بات کریں تو تم سنتے رہ جاؤ ان کی باتیں وہ آدمی نہیں ہیں بلکہ) ایسے ہیں گویا کہ وہ لکڑی کے کندے ہوں جو دیوار کے ساتھ چن دیے گئے ہوں ۔ سمجھتے ہیں یہ ہر زور کی آواز کو اپنے خلاف یہی حقیقی دشمن ہیں لہٰذا تم ان سے بچ کر رہو ان پر اللہ کی مار۔ یہ کدھر الٹے پھرائے جا رہے ہیں ۝٤
5. And when it is said to them: "Come, the Messenger of Allah will ask forgiveness for you." They turn their heads aside, and you see them evading and they are arrogant.	وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا يَسْتَغْفِرْ لَكُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ لَوَّوْا رُءُوْسَهُمْ وَرَاَيْتَهُمْ يَصُدُّوْنَ وَهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ۝٥	اور جب کہا جاتا ہے ان سے کہ آؤ مغفرت کی دعا کریں تمہارے لیے اللہ کے رسولؐ تو گھماتے ہیں اپنے سروں کو (مذاق اڑانے کے لیے) اور دیکھو گے تم انہیں کہ وہ رک جاتے ہیں آنے سے بڑے گھمنڈ کے ساتھ ۝٥
6. It is the same for them, whether you ask forgiveness for them, or do not ask forgiveness for them. Allah shall never forgive them. Surely, Allah does not guide the people who are disobedient.	سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ اَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ اَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ؕ لَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝٦	برابر ہے ان کے لیے دعائے مغفرت کرو تم ان کے لیے یا نہ کرو دعائے مغفرت تم ان کے لیے ۔ ہرگز نہیں بخشے گا اللہ ان کو ۔ بے شک اللہ نہیں ہدایت دیتا فاسق لوگوں کو ۝٦

هُمُ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ لَا تُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنْفَضُّوْا ؕ وَ لِلّٰهِ خَزَآئِنُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَفْقَهُوْنَ ۝۷	7. They are those who say: "Do not spend on those who are with Allah's Messenger, until they disperse." And for Allah are the treasures of the heavens and the earth, but the hypocrites do not understand.
يَقُوْلُوْنَ لَئِنْ رَّجَعْنَاۤ اِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ ؕ وَ لِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ وَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝۸	8. They say: "If we return to AlMadinah, the more honorable will surely expel from it the meaner." And to Allah belongs honor, and to His Messenger, and to the believers, but the hypocrites do not know.
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُلْهِكُمْ اَمْوَالُكُمْ وَلَاۤ اَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝۹	9. O you who believe, let not your possessions nor your children distract you from the remembrance of Allah. And whoever does that, then those are the losers.

یہی وہ لوگ ہیں جو کہتے ہیں
مت خرچ کرو تم ان لوگوں پر جو
ساتھ ہیں رسول اللہ کے
تاکہ منتشر ہو جائیں وہ۔ حالانکہ اللہ ہی مالک ہے
زمین اور آسمانوں کے خزانوں کا لیکن
یہ منافق نہیں سمجھتے ۝۷
یہ کہتے ہیں اگر ہم واپس پہنچ جائیں
مدینے میں تو ضرور نکال دے گا وہ
جو عزت والا ہے وہاں سے ذلیل کو
حالانکہ اللہ ہی کے لیے ہے عزت
اور اس کے رسول کے لیے اور مومنین کے لیے
لیکن منافق نہیں جانتے ۝۸
اے لوگو جو ایمان لائے ہو
نہ غافل کریں تمہیں تمہارے مال
اور نہ تمہاری اولاد اللہ کے ذکر سے
اور جو کرے گا ایسا
سو ایسے ہی لوگ ہیں خسارے میں رہنے والے ۝۹

10. And spend from that which We have provided you before death should come to any of you, then he should say: "My Lord, why did You not reprieve me for a little while so that I should have given in charity and become among the righteous."	وَاَنْفِقُوْا مِنْ مَّا رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ فَيَقُوْلَ رَبِّ لَوْلَآ اَخَّرْتَنِيْٓ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۙ فَاَصَّدَّقَ وَاَكُنْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ⑩
11. And never will Allah delay a soul when its term has come. And Allah is Informed of what you do.	وَلَنْ يُّؤَخِّرَ اللّٰهُ نَفْسًا اِذَا جَآءَ اَجَلُهَا ۭ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ⑪

اور خرچ کرو اس میں سے جو رزق دیا ہے ہم نے تم کو
اس سے پہلے کہ آجائے
تم میں سے کسی کی موت پھر وہ کہے:
اے میرے رب! کیوں نہ مہلت دے دی تو نے مجھے
تھوڑی سی تاکہ میں صدقہ دیتا
اور ہو جاتا شامل صالح لوگوں میں ⑩
حالانکہ ہرگز نہیں مہلت دیتا اللہ کسی شخص کو
جب آجاتا ہے اس کا وقتِ مقرر
اور اللہ پوری طرح باخبر ہے ان اعمال سے جو تم کرتے ہو ⑪



AtTaghabun

In the name of Allah, Most Gracious, Most Merciful

1. Glorifies Allah whatever is in the heavens and whatever is on the earth. To Him belongs the dominion and to Him belongs the praise, and He has power over all things.	۞ يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ①	تسبیح کر رہی ہے اللہ کی ہر وہ چیز جو آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے، اسی کی ہے بادشاہی اور اسی کے لیے ہے حمد۔ اور وہ ہر چیز پر پوری طرح قادر ہے ①
2. He it is Who created you, then among you is the disbeliever, and among you is the believer. And Allah is All Seer of whatever you do.	هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ فَمِنْكُمْ كَافِرٌ وَّمِنْكُمْ مُّؤْمِنٌ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ②	وہی ہے جس نے پیدا کیا ہے تم کو پھر تم میں سے کوئی کافر ہے اور کوئی مومن اور اللہ ان اعمال کو جو تم کرتے ہو دیکھ رہا ہے ②
3. He has created the heavens and the earth with truth, and has shaped you, and made good your shapes, and to Him is the journeying.	خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ ۚ وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ③	اسی نے پیدا فرمائے آسمان اور زمین برحق اور تمہاری صورت بنائی اور بڑی عمدہ بنائی، اور اسی کی طرف (آخرکار) تمہیں پلٹنا ہے ③
4. He knows all that is in the heavens and the earth. And He knows whatever you conceal and whatever you reveal. And Allah is All Knower of what is in the breasts.	يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ④	وہ جانتا ہے ہر اس چیز کو جو آسمانوں میں ہے اور زمین میں ہے اور جانتا ہے اس کو بھی جو تم چھپاتے ہو اور جو تم ظاہر کرتے ہو۔ اور اللہ تو جانتا ہے دلوں کا حال بھی ④

5. Has not reached you the news of those who had disbelieved before, so they tasted the evil results of their deeds. And theirs will be a painful punishment.	اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ ز فَذَاقُوْا وَبَالَ اَمْرِهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝٥	کیا نہیں پہنچی تمہیں خبر ان لوگوں کی جنہوں نے کفر کیا تھا اس سے پہلے۔ پھر چکھا انہوں نے مزا اپنے کیے کا اور ان کے لیے ہے دردناک عذاب ۝٥
6. That was because their messengers came to them with clear signs, but they said: "Shall human beings guide us." So they disbelieved and turned away, and Allah was not in need (of them), and Allah is Free of need, Praiseworthy.	ذٰلِكَ بِاَنَّهٗ كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالُوْٓا اَبَشَرٌ يَّهْدُوْنَنَا ز فَكَفَرُوْا وَ تَوَلَّوْا وَّاسْتَغْنَى اللّٰهُ ط وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ۝٦	یہ انجام ان کا اس لیے ہوا کہ آتے رہے ان کے پاس ان کے رسول کھلی کھلی نشانیاں لے کر لیکن انہوں نے کہا: کیا ایک بشر ہمیں ہدایت دے گا؟ اس طرح انہوں نے ماننے سے انکار کر دیا اور منہ پھیر لیا اور اللہ بھی بے پروا ہو گیا (ان سے)۔ اور اللہ تو ہے ہی بے نیاز لائقِ حمد و ثنا ۝٦
7. Those who disbelieve claim that they will never be resurrected. Say: "Yes, by my Lord, you will certainly be resurrected, then you will surely be informed of what you did. And that is easy for Allah."	زَعَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ لَّنْ يُّبْعَثُوْا ط قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ لَتُبْعَثُنَّ ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا عَمِلْتُمْ ط وَذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ۝٧	دعویٰ کرتے ہیں یہ کافر لوگ کہ ہرگز نہیں اٹھائے جائیں گے وہ مرنے کے بعد ان سے کہیے کیوں نہیں قسم ہے میرے رب کی تم ضرور اٹھائے جاؤ گے پھر ضرور تمہیں بتایا جائے گا کہ تم (دنیا میں) کیا کچھ کرتے رہے؟ اور ایسا کرنا اللہ کے لیے بہت آسان ہے ۝٧
8. So believe in Allah and His Messenger and the light (the Quran) that We have sent down. And Allah is All Aware of what you do.	فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالنُّوْرِ الَّذِيْٓ اَنْزَلْنَا ط وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝٨	سو ایمان لے آؤ اللہ پر اور اس کے رسول پر اور اس روشنی پر جو ہم نے نازل کی ہے اور اللہ اس سے جو تم کرتے ہو پوری طرح باخبر ہے ۝٨

9. The day when He will gather you for the Day of Gathering, that will be a Day of mutual Loss and Gain. And whoever believes in Allah and does righteous deeds, He will remove form him his evil deeds and admit him into Gardens, underneath which rivers flow, to abide therein forever. This is the great success.	يَوْمَ يَجْمَعُكُمْ لِيَوْمِ الْجَمْعِ ذٰلِكَ يَوْمُ التَّغَابُنِ ۭ وَمَنْ يُّؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُّكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ وَيُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝	(اس کا پتہ تمہیں چلے گا) اس دن جب اکٹھا کرے گا وہ تمہیں حشر کے دن ۔ یہی ہوگا دراصل ہار جیت کا دن اور جو ایمان لایا اللہ پر اور کیے اس نے نیک عمل جھاڑ دے گا اللہ اس کے گناہ اور داخل کرے گا اسے ایسی جنتوں میں کہ بہہ رہی ہوں گی ان کے نیچے نہریں، رہیں گے وہ ان میں ہمیشہ یہی ہے بڑی کامیابی ۝۹
10. And those who disbelieve and deny Our revelations, such are the companions of the Fire, abiding therein. And worst indeed is the destination.	وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝	اور وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا اور جھٹلایا ہماری آیات کو یہ لوگ اہلِ دوزخ ہیں، ہمیشہ رہیں گے یہ اس میں اور یہ بہت برا ٹھکانا ہے ۝۱۰
11. No affliction can ever befall except by permission of Allah. And whoever believes in Allah, He guides his heart, and Allah is All Knower of all things.	مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَمَنْ يُّؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ يَهْدِ قَلْبَهٗ ۭ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝	نہیں پہنچتی کوئی مصیبت مگر اللہ کے اذن سے اور جو ایمان لے آتا ہے اللہ پر ہدایت بخشتا ہے اللہ اس کے دل کو اور اللہ ہر چیز سے پوری طرح باخبر ہے ۝۱۱
12. And Obey Allah and obey the Messenger, but if you turn away, then upon Our Messenger is only to convey clearly.	وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاِنَّمَا عَلٰي رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ۝	اور اطاعت کرو اللہ کی اور اطاعت کرو رسول کی لیکن اگر تم منہ موڑتے ہو تو بس، ہے ہمارے رسول پر پہنچا دینا (حق کا) واضح طور پر ۝۱۲
13. Allah, there is no god except Him. And upon Allah let the believers put their trust.	اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ وَعَلَي اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝	اللہ وہ ہے کہ نہیں ہے کوئی معبود سوائے اس کے اور اللہ ہی پر چاہیے کہ بھروسہ کریں اہلِ ایمان ۝۱۳

14. O you who have believed, indeed, among your wives and your children there are enemies to you, so beware of them. And if you pardon and overlook and forgive, then indeed, Allah is All Forgiving, All Merciful.	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ مِنْ اَزْوَاجِكُمْ وَ اَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ فَاحْذَرُوْهُمْ ۚ وَاِنْ تَعْفُوْا وَتَصْفَحُوْا وَتَغْفِرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٤﴾
15. Your wealth and your children are only a trial. And Allah has with Him an immense reward.	اِنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَ اَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۭ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿١٥﴾
16. So fear Allah as much as you can, and listen and obey and spend, that is better for your own selves. And whoever is saved from the greed of his own self. Then such are those who are truly successful.	فَاتَّقُوا اللّٰهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ وَاسْمَعُوْا وَ اَطِيْعُوْا وَاَنْفِقُوْا خَيْرًا لِّاَنْفُسِكُمْ ۭ وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿١٦﴾
17. If you loan Allah a goodly loan, He will double it for you and will forgive you. And Allah is Appreciative, Forbearing.	اِنْ تُقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا يُّضٰعِفْهُ لَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ شَكُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿١٧﴾
18. Knower of the Invisible and the Visible, the All Mighty, the All Wise.	عٰلِمُ الْغَيْبِ وَ الشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿١٨﴾

اے لوگو جو ایمان لائے ہو

یقیناً تمہاری بیویوں اور اولاد میں سے کچھ ایسے ہیں

جو دشمن ہیں تمہارے سو ہوشیار رہو تم ان سے

اور اگر تم معاف کر دو اور درگزر سے کام لو

اور بخش دو تو بلاشبہ اللہ ہے

بہت معاف کرنے والا اور نہایت رحم فرمانے والا ﴿١٤﴾

حقیقت یہ ہے کہ تمہارے مال اور تمہاری اولاد

تو ایک آزمائش ہے ۔ اور اللہ وہ ہے

جس کے پاس ہے اجرِ عظیم ﴿١٥﴾

سو ڈرتے رہو اللہ سے جہاں تک

تمہارے بس میں ہو اور سنو

اور اطاعت کرو اور خرچ کرو

(یہ امور) بہتر ہیں تمہارے حق میں

اور جو بچا لیے گئے اپنے دل کے لالچ سے

سو وہی ہیں درحقیقت فلاح پانے والے ﴿١٦﴾

اگر قرض دو تم اللہ کو

قرضِ حَسَنہ تو وہ اسے بڑھاتا چلا جائے گا


تمہارے لیے اور بخش دے گا تمہارے (گناہ)

اور اللہ ہے بڑا قدردان

اور بردبار ﴿١٧﴾

جاننے والا ہے پوشیدہ اور ظاہر کا ،

زبردست اور بڑی حکمت والا ﴿١٨﴾



AtTalaq

In the name of Allah, Most Gracious, Most Merciful

1. O Prophet, when you divorce women, so divorce them for their (prescribed waiting) periods, and count the period. And fear Allah, your Lord. Do not expel them out of their (husbands') houses, nor should they (themselves) leave, except in case they commit a clear indecency. And these are the limits of Allah. And whoever transgresses the limits of Allah will certainly wrong his own self. You know not, Allah may after this bring about a matter (of reconciliation).

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ
فَطَلِّقُوْهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ وَاَحْصُوا الْعِدَّةَ ۚ
وَاتَّقُوا اللّٰهَ رَبَّكُمْ ۚ لَا تُخْرِجُوْهُنَّ
مِنْۢ بُيُوْتِهِنَّ وَلَا يَخْرُجْنَ اِلَّآ
اَنْ يَّاْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ ۭ
وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ۭ وَمَنْ يَّتَعَدَّ
حُدُوْدَ اللّٰهِ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ ۭ
لَا تَدْرِيْ لَعَلَّ اللّٰهَ يُحْدِثُ
بَعْدَ ذٰلِكَ اَمْرًا ①


اے نبیؐ! جب طلاق دو تم عورتوں کو
تو طلاق دو تم انہیں اس طرح کہ وہ عدت شروع کر سکیں
اور ٹھیک ٹھیک شمار کرو عدت (کے زمانہ) کا
اور ڈرو اللہ سے جو تمہارا رب ہے
اور نہ نکالو تم انہیں ان کے گھروں سے
اور نہ وہ خود نکلیں اِلّا یہ کہ ارتکاب کریں وہ
کسی کھلی بدکاری کا۔ اور یہ اللہ کی (مقرر کردہ) حدیں ہیں
اور جو تجاوز کرے گا اللہ کی مقرر کردہ حدود سے
تو درحقیقت وہ ظلم کرے گا اپنی ہی جان پر
نہیں جانتے تم شاید کہ اللہ پیدا کر دے
اس کے بعد بھی (موافقت کی) کوئی صورت ①

2. Then when they have reached their term, either retain them in a fair manner, or part with them in a fair manner. And call to witness two just men from among you, and establish testimony for Allah. With this you are admonished, whoever believes in Allah and the Last Day. And whoever fears Allah, He will appoint for him a away out.	فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ فَارِقُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ وَّاَشْهِدُوْا ذَوَىْ عَدْلٍ مِّنْكُمْ وَاَقِيْمُوا الشَّهَادَةَ لِلّٰهِ ۭ ذٰلِكُمْ يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۭ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۝	پھر جب وہ پہنچ جائیں اپنی عدت (کے خاتمہ) پر پھر روک لو انہیں بھلے طریقے سے یا جدا کر دو انہیں بھلے طریقے سے اور گواہ بنا لو دو عادل اشخاص کو اپنوں میں سے اور (اے مسلمانو!) ٹھیک ٹھیک دو گواہی اللہ کے لیے۔ یہ ہے وہ نصیحت جو کی جا رہی ہے ہر اس شخص کو جو رکھتا ہے ایمان اللہ پر اور روزِ آخر پر اور جو شخص ڈرتا رہے گا اللہ سے پیدا کر دے گا اللہ اس کے لیے نکلنے کی کوئی راہ ۝
3. And He will provide for him from where he could not imagine. And whoever trusts in Allah, then He is sufficient for him. Indeed, Allah brings to fulfillment His decrees. Indeed, Allah has appointed a measure for everything.	وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ۭ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ۭ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ۝	اور رزق دے گا اسے ایسے طریقے سے جدھر اس کا گمان بھی نہ جاتا ہو۔ اور جو بھروسہ کرے اللہ پر سو وہ اس کے لیے کافی ہے۔ بلاشبہ اللہ پورا کر کے رہتا ہے اپنا ارادہ۔ بے شک مقرر کر رکھی ہے اللہ نے ہر چیز کے لیے ایک تقدیر ۝
4. And those who have despaired of menstruation among your women, if you are in doubt, then their (waiting) period is three months, and (likewise) those who have not menstruated yet. And for those who are pregnant, their term is when they deliver their burden. And whoever fears Allah, He will makes his matter easy for him.	وَالّٰۗـِٔيْ يَىِٕسْنَ مِنَ الْمَحِيْضِ مِنْ نِّسَاۗىِٕكُمْ اِنِ ارْتَبْتُمْ فَعِدَّتُهُنَّ ثَلٰثَةُ اَشْهُرٍ ۙ وَّالّٰۗـِٔيْ لَمْ يَحِضْنَ ۭ وَاُولَاتُ الْاَحْمَالِ اَجَلُهُنَّ اَنْ يَّضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ۭ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ اَمْرِهٖ يُسْرًا ۝	اور تمہاری وہ عورتیں جو مایوس ہو چکی ہوں حیض آنے سے اگر ان کی عدت کی تعیین میں تمہیں کسی قسم کا شبہ لاحق ہو جائے تو ان کی عدت تین ماہ ہے اور ان کی بھی جن کو ابھی حیض آیا ہی نہ ہو۔ اور حاملہ عورتیں ان کی عدت یہ ہے کہ بچہ جن لیں اور جو شخص ڈرے اللہ سے، پیدا کر دیتا ہے وہ اس کے لیے اس کے معاملہ میں آسانی ۝

5. That is the command of Allah, which He has sent down to you. And whoever fears Allah, He will remove from him his evil deeds, and will enhance his reward.	ذٰلِكَ اَمْرُ اللّٰهِ اَنْزَلَهٗۤ اِلَيْكُمْ ؕ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يُكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ وَ يُعْظِمْ لَهٗۤ اَجْرًا ۝۵	یہ اللہ کا حکم ہے جو نازل فرما رہا ہے وہ تمہاری طرف اور جو ڈرے گا اللہ سے تو وہ دور کر دے گا اس سے اس کی برائیوں کو اور عطا فرمائے گا اس کو بڑا اجر ۝۵
6. Lodge them (in the waiting period) where you (yourselves) live, according to your means, and do not harm them, so as to oppress them. And if they are pregnant, then spend on them until they deliver their burden. Then if they suckle (the child) for you, then give them their wages, and confer among yourselves in kindness. And if you make difficulties (for each other) then another (woman) would suckle him.	اَسْكِنُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ سَكَنْتُمْ مِّنْ وُّجْدِكُمْ وَلَا تُضَآرُّوْهُنَّ لِتُضَيِّقُوْا عَلَيْهِنَّ ؕ وَاِنْ كُنَّ اُولَاتِ حَمْلٍ فَاَنْفِقُوْا عَلَيْهِنَّ حَتّٰى يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ۚ فَاِنْ اَرْضَعْنَ لَكُمْ فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ ۚ وَاْتَمِرُوْا بَيْنَكُمْ بِمَعْرُوْفٍ ۚ وَاِنْ تَعَاسَرْتُمْ فَسَتُرْضِعُ لَهٗۤ اُخْرٰى ۝۶	رکھو تم ان (مطلقہ) عورتوں کو اسی جگہ جہاں تم خود رہتے ہو جیسی جگہ تمہیں میسر ہو اور نہ ستاؤ تم تنگ کرنے کے لیے انہیں ۔ اور اگر ہوں وہ حاملہ تو خرچ کرتے رہو تم ان پر یہاں تک کہ ان کے ہاں بچہ ہو جائے ۔ پھر اگر وہ دودھ پلائیں تمہارے لیے (بچے کو) تو دو تم انہیں ان کی اجرت ۔ اور (اجرت کا) معاملہ طے کرو مشورے سے آپس میں بھلے طریقے سے اور اگر تم نے ایک دوسرے کو تنگ کیا تو دودھ پلائے اس کی خاطر دوسری عورت ۝۶
7. Let the rich man spend according to his means, and he whose provision is restricted, so let him spend from what Allah has given him. Allah does not burden a person beyond what He has given him. Allah will bring about ease after hardship.	لِيُنْفِقْ ذُوْ سَعَةٍ مِّنْ سَعَتِهٖ ؕ وَمَنْ قُدِرَ عَلَيْهِ رِزْقُهٗ فَلْيُنْفِقْ مِمَّاۤ اٰتٰىهُ اللّٰهُ ؕ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا مَاۤ اٰتٰىهَا ؕ سَيَجْعَلُ اللّٰهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُّسْرًا ۝۷	اور چاہیے کہ خرچ کرے خوشحال شخص اپنی گنجائش کے مطابق اور جس شخص کو کم دیا گیا ہو رزق تو وہ خرچ کرے اس میں سے جو دیا ہے اسے اللہ نے ۔ نہیں ذمہ داری (کا بوجھ) ڈالتا اللہ کسی جان پر مگر اسی قدر جتنا اس نے دیا ہے اسے امید ہے کہ اللہ عطا فرما دے تنگی کے بعد فراخی ۝۷

8. And how many a town rebelled against the command of its Lord and His messengers, so We called it to a severe account and punished it with a terrible punishment.	وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ عَتَتْ عَنْ اَمْرِ رَبِّهَا وَرُسُلِهٖ فَحَاسَبْنٰهَا حِسَابًا شَدِيْدًا ۙ وَّعَذَّبْنٰهَا عَذَابًا نُّكْرًا ⑧	اور کتنی ہی بستیاں ہیں جنہوں نے سرکشی کی اپنے رب اور اس کے رسولوں کے احکام سے تو محاسبہ کیا ہم نے ان کا سخت ترین محاسبہ اور سزا دی انہیں بدترین سزا ⑧
9. So that it tasted the evil consequence of its affair, and the outcome of its affair was loss.	فَذَاقَتْ وَبَالَ اَمْرِهَا وَكَانَ عَاقِبَةُ اَمْرِهَا خُسْرًا ⑨	سو چکھی انہوں نے سزا اپنے کیے کی اور ہوا انجام ان کے معاملہ کا بدترین گھاٹا ⑨
10. Allah has prepared for them a severe punishment (in the Hereafter). So fear Allah, O you men of understanding who have believed. Indeed, Allah has sent down to you an admonition.	اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ۙ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ ۚ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۛ قَدْ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكُمْ ذِكْرًا ⑩	مہیا کر رکھا ہے اللہ نے ان کے لیے (آخرت میں) سخت ترین عذاب سو ڈرتے رہو اللہ سے اے عقل والو، جو ایمان لائے ہو۔ یقیناً اللہ نے نازل کر دی ہے تمہاری طرف ایک نصیحت ⑩

11. A Messenger (Muhammad), who recites to you the verses of Allah, clearly guided, that He may bring out those who believe and do righteous deeds from darkness into light. And whoever believes in Allah and does righteousness, He shall admit him into Gardens underneath which rivers flow, they shall abide therein for ever. Allah has (prepared) for such a one an excellent provision.	رَّسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ مُبَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَمَنْ يُّؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُّدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ قَدْ اَحْسَنَ اللّٰهُ لَهٗ رِزْقًا ⑪	(اور بھیجا ہے) ایک ایسا رسول جو پڑھ کر سناتا ہے تمہیں اللہ کی آیات جو صاف صاف ہدایت دینے والی ہیں تاکہ نکالے اللہ ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور کیے انہوں نے نیک عمل، تاریکیوں سے روشنی کی طرف اور جو ایمان لائے گا اللہ پر اور کرے گا نیک عمل، داخل کرے گا اسے اللہ ایسی جنتوں میں کہ بہہ رہی ہیں جن کے نیچے نہریں، رہیں گے وہ ان میں ہمیشہ ہمیشہ۔ بہترین رکھا ہے اللہ نے ایسے شخص کے لیے رزق ⑪
12. It is Allah who has created seven heavens and of the earth, the like of them. (His) command descends among them, so that you may know that Allah has power over all thing, and that Allah encompasses all things in knowledge.	اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَّمِنَ الْاَرْضِ مِثْلَهُنَّ ؕ يَتَنَزَّلُ الْاَمْرُ بَيْنَهُنَّ لِتَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا ⑫	اللہ وہ ہستی ہے جس نے پیدا فرمائے سات آسمان اور زمین کی قسم سے بھی انہی کی مانند۔ نازل ہوتا رہتا ہے اس کا حکم ان کے درمیان یہ بات تمہیں بتائی جا رہی ہے تاکہ جان لو تم کہ اللہ ہر چیز پر پوری قدرت رکھتا ہے اور بلاشبہ اللہ نے احاطہ کر رکھا ہے ہر چیز کا اپنے علم سے ⑫



AtTahrim

In the name of Allah, Most Gracious, Most Merciful

1. O Prophet, why do you make unlawful that which Allah has made lawful for you. Seeking to please your wives. And Allah is All Forgiving, All Merciful.	۞ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ ۚ تَبْتَغِيْ مَرْضَاتَ اَزْوَاجِكَ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ①
2. Allah has ordained for you absolution from your oaths. And Allah is your protector, and He is the All Knowing, the All Wise.	قَدْ فَرَضَ اللّٰهُ لَكُمْ تَحِلَّةَ اَيْمَانِكُمْ ۚ وَاللّٰهُ مَوْلٰىكُمْ ۚ وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ②
3. And when the Prophet had confided a matte to one of his wives. Then, when she disclosed it (to other), and Allah informed him (of the disclosure). He made known (to the wife) part of it and overlooked part of it. So when he told her about it (disclosure), she said: "Who informed you of this." He said: "I was informed by the All Knower, the All Aware."	وَاِذْ اَسَرَّ النَّبِيُّ اِلٰى بَعْضِ اَزْوَاجِهٖ حَدِيْثًا ۚ فَلَمَّا نَبَّاَتْ بِهٖ وَاَظْهَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ عَرَّفَ بَعْضَهٗ وَاَعْرَضَ عَنْۢ بَعْضٍ ۚ فَلَمَّا نَبَّاَهَا بِهٖ قَالَتْ مَنْ اَنْۢبَاَكَ هٰذَا ۭ قَالَ نَبَّاَنِيَ الْعَلِيْمُ الْخَبِيْرُ ③

اے نبیؐ کیوں حرام کرتے ہو تم وہ چیز جو حلال کی ہے

اللہ نے تمہارے لیے۔ (کیا) چاہتے ہو تم (اس طرح) خوشنودی

اپنی بیویوں کی؟ اور اللہ ہے بہت معاف کرنے والا، رحم فرمانے والا ①

یقیناً مقرر کر دیا ہے اللہ نے تمہارے لیے

اپنی قسموں کی پابندی سے نکلنے کا طریقہ اور اللہ ہی تمہارا آقا ہے

اور وہ ہے سب کچھ جاننے والا اور بڑی حکمت والا ②

اور جب رازدارانہ انداز میں بتائی نبیؐ نے اپنی کسی بیوی کو

ایک بات پھر جب بتا دی اس نے وہ بات (کسی دوسری کو)

اور ظاہر کر دیا اسے اللہ نے اپنے نبیؐ پر تو اطلاع دی نبیؐ نے

اس کی کسی حد تک اور درگزر کیا ایک حد تک

پھر جب خبر دی اس نے بات کی اپنی اسی بیوی کو

تو وہ کہنے لگی کس نے خبر دی ہے آپ کو اس بات کی؟

نبیؐ نے فرمایا مجھے خبر دی ہے اس کی

اس نے جو سب کچھ جاننے والا اور پوری طرح باخبر ہے ③

4. If you both (wives) repent to Allah, for your hearts have deviated. And if you supported each other against him, then indeed Allah is his Protector, and Gabriel, and the righteous believers, and furthermore the angels are his helpers.	اِنْ تَتُوْبَآ اِلَى اللّٰهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوْبُكُمَا ۚ وَاِنْ تَظٰهَرَا عَلَيْهِ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوْلٰىهُ وَجِبْرِيْلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَعْدَ ذٰلِكَ ظَهِيْرٌ ۝٤	اگر توبہ کرو تم دونوں اللہ کے حضور (تو یہ بہتر ہے تمہارے لیے) اس لیے کہ ہٹ گئے تھے سیدھی راہ سے تمہارے دل اور اگر ایکا کر لیا تم نے نبیؐ کے مقابلے میں تو جان رکھو کہ اللہ اس کا مولیٰ ہے اور جبریلؑ اور تمام صالح اہلِ ایمان اور ملائکہ اس کے بعد اس کے مددگار ہیں ۝٤
5. It may be if he divorces you, that his Lord will give him instead, wives better than you, submissive, believing, obedient, repentant, worshipping, inclined to fasting, widows and virgins.	عَسٰى رَبُّهٗٓ اِنْ طَلَّقَكُنَّ اَنْ يُّبْدِلَهٗٓ اَزْوَاجًا خَيْرًا مِّنْكُنَّ مُسْلِمٰتٍ مُّؤْمِنٰتٍ قٰنِتٰتٍ تٰٓئِبٰتٍ عٰبِدٰتٍ سٰٓئِحٰتٍ ثَيِّبٰتٍ وَّاَبْكَارًا ۝٥	بعید نہیں کہ اگر طلاق دے دے وہ تمہیں تو اس کا رب بدلے میں دے اسے ایسی بیویاں جو بہتر ہوں تم سے مسلمان، مومن، اطاعت شعار توبہ کرنے والیاں، عبادت گزار اور روزہ رکھنے والیاں خواہ شوہر دیدہ ہوں یا کنواریاں ۝٥
6. O you who believe, save yourselves and your families from a Fire whose fuel shall be people and stones, over which shall be angels, fierce, stern, they do not disobey Allah in what he commanded them and do as they are commanded.	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ نَارًا وَّقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ عَلَيْهَا مَلٰٓئِكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ لَّا يَعْصُوْنَ اللّٰهَ مَآ اَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ۝٦	اے لوگو جو ایمان لائے ہو بچاؤ اپنے آپ کو اور اپنے اہل و عیال کو اس آگ سے جس کا ایندھن انسان اور پتھر ہوں گے جن پر مقرر ہیں ایسے فرشتے جو نہایت تند خو اور سخت گیر ہیں، جو کبھی نافرمانی نہیں کرتے اللہ کی اس حکم کے بجالانے میں جو وہ انہیں دے اور جو کر گزرتے ہیں ہر وہ کام جس کا انہیں حکم دیا جاتا ہے ۝٦
7. O you who disbelieve, do not make excuses this day. You are only being recompensed for what you used to do.	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَعْتَذِرُوا الْيَوْمَ ۭ اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝٧	اے کفر کرنے والو! عذر نہ تراشو آج صرف ویسا ہی بدلہ دیا جا رہا ہے تم کو جیسے عمل تم کرتے رہے ۝٧

8. O you who believe, repent to Allah with sincere repentance. It may be that your Lord will remove from you your evils deeds, and admit you into Gardens underneath which rivers will be flowing. On the Day when Allah will not humiliate the Prophet and those who have believed with him. Their light shall be running before them and on their right, they will say: "O our Lord, perfect for us our light and forgive us. Indeed, You have power over all things."	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا تُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوْحًا ۭ عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يُّكَفِّرَ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَيُدْخِلَكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۙ يَوْمَ لَا يُخْزِي اللّٰهُ النَّبِيَّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ ۚ نُوْرُهُمْ يَسْعٰى بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ⑧	اے لوگو جو ایمان لائے ہو توبہ کرو اللہ کے حضور خالص توبہ کچھ بعید نہیں کہ تمہارا رب دور فرما دے تم سے تمہاری برائیاں اور داخل کرے تمہیں ایسی جنتوں میں کہ بہہ رہی ہیں جن کے نیچے نہریں اس دن جب نہ رسوا کرے گا اللہ نبیؐ کو اور ان لوگوں کو جو ایمان لائے اس کے ساتھ ان کا نور دوڑ رہا ہوگا ان کے آگے آگے اور ان کے دائیں جانب اور وہ کہہ رہے ہوں گے اے ہمارے رب! مکمل کر دے ہمارے لیے ہمارا نور اور درگزر فرما ہم سے۔ یقیناً تو ہر بات پر پوری قدرت رکھتا ہے ⑧
9. O Prophet, strive against the disbelievers and the hypocrites, and be stern against them. And their abode is Hell, and an evil destination it is.	يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ۭ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ⑨	اے نبیؐ! جہاد کرو کافروں سے اور منافقوں سے اور سختی سے پیش آؤ ان کے ساتھ اور ان کا ٹھکانا جہنم ہے اور بہت ہی برا ہے وہ ٹھکانا ⑨

10. Allah sets forth an example for those who disbelieve, the wife of Noah and the wife of Lot. They were under two of Our righteous servants, but they betrayed them (husbands), so they could not avail them anything against Allah. And it was said: "Enter the Fire along with those who enter."	ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوا امْرَاَتَ نُوْحٍ وَّ امْرَاَتَ لُوْطٍ ؕ كَانَتَا تَحْتَ عَبْدَيْنِ مِنْ عِبَادِنَا صَالِحَيْنِ فَخَانَتٰهُمَا فَلَمْ يُغْنِيَا عَنْهُمَا مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا وَّقِيْلَ ادْخُلَا النَّارَ مَعَ الدّٰخِلِيْنَ ⑩	مثال پیش کرتا ہے اللہ ان لوگوں کے بارے میں جو کافر ہیں، نوحؑ کی بیوی اور لوطؑ کی بیوی کی تھیں یہ دونوں دو لیے بندوں کی زوجیت میں جو تھے ہمارے صالح بندوں میں سے تو خیانت کی ان دونوں نے اپنے شوہروں سے سو نہ کام آسکے یہ دونوں ان کو اللہ سے بچانے میں ذرا بھی اور کہا گیا ان سے کہ داخل ہو جاؤ تم دونوں جہنم میں ۔ دوسرے جانے والوں کے ساتھ ⑩
11. And Allah sets forth an example for those who believe, the wife of Pharaoh, when she said: "My Lord, build for me, in Your presence, a house in Paradise, and save me from Pharaoh and his deeds and save me from the wrongdoing folks."	وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا امْرَاَتَ فِرْعَوْنَ ۘ اِذْ قَالَتْ رَبِّ ابْنِ لِيْ عِنْدَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ وَنَجِّنِيْ مِنْ فِرْعَوْنَ وَعَمَلِهٖ وَنَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ⑪	اور پیش کرتا ہے اللہ مثال اہلِ ایمان کے بارے میں فرعون کی بیوی کی جب اس نے کہا تھا کہ اے میرے رب! بنا دے تو میرے لیے اپنے پاس ایک گھر جنت میں اور نجات دے تو مجھے فرعون سے اور اس کے (برے) عملوں سے اور نجات دے تو مجھے اس ظالم قوم سے ⑪
12. And Mary, the daughter of Imran who had guarded her chastity. So We breathed into her (body) of Our Spirit, and she testified to the words of her Lord and His scriptures, and she was of the obedient.	وَمَرْيَمَ ابْنَتَ عِمْرٰنَ الَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهِ مِنْ رُّوْحِنَا وَصَدَّقَتْ بِكَلِمٰتِ رَبِّهَا وَكُتُبِهٖ وَكَانَتْ مِنَ الْقٰنِتِيْنَ ⑫	اور (دوسری مثال) مریم بنتِ عمران کی ہے جس نے حفاظت کی تھی اپنی شرمگاہ کی پھر پھونک دی ہم نے اس کے اندر اپنی طرف سے روح اور تصدیق کی اس نے اپنے رب کے ارشادات کی اور اس کی کتابوں کی اور تھی وہ اطاعت شعاروں میں سے ⑫